# 19-03-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

۱۔مجوزہ لوک سبھا انتخابات دو ہزار چوبیس کے پہلے مرحلے کے لئے کل اعلامیہ جاری کیا جائے گا۔

۲۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج جھارکھنڈ کے گورنر سی پی رادھا کرشنن کو تلنگانہ اور پاڈوچیری کے گورنر کی زائد ذمہ داری دی ہے۔کل وہ اپنے عہدے کا حلف لیں گے۔

۳۔بھارت راشٹرا سمیتی کے سینئر قائد ہریش راو نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ غیر موسمی بارش کی وجہ سے نقصان اٹھانے والے کسانوں کو معاشی مدد فراہم کی جائے۔

۴۔ریاست تلنگانہ کے اضلاع نظام آباد۔جگتیال۔راجنا سرسلہ۔وقار آباد۔سنگا ریڈی۔اور کاما ریڈی کے مختلف مقامات پر کل گرج چمک کے ساتھ طوفانی ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔

## NOTIFICATION

مجوزہ لوک سبھا انتخابات دو ہزار چوبیس کے پہلے مرحلے کے لئے کل اعلامیہ جاری کیا جائے گا۔پہلے مرحلے کے تحت 17 ریاستوں اور چار مرکز زیر انتظام علاقوں کے لئے 102 نشستوں پر انتخاب ہوگا۔جس میں تاملناڈو کی 39۔راجستھا کی 12۔اتر پردیش کی 8۔مدھیہ پردیش کی 6۔اترا کھنڈ۔آسام اور مہاراشٹرا کی 5-5 نشستوں۔بہار کی چار۔مغربی بنگال کی تین۔اروناچل پردیش۔منی پور۔میگھالیہ۔کی دو۔دو نشستوں کے علاوہ چھتیس گڑھ۔میزورم۔ناگالینڈ۔سکم۔تریپورہ۔انڈومان۔نکوبار جزائیر۔جموں وکشمیر۔لکشدیپ اور پاڈوچیری کی ایک ایک نشستوں پر انتخاب ہوگا۔اس ماہ کی 27 تاریخ تک نامزدگیاں داخل کی جاسکتی ہیں۔جبکہ آئندہ ماہ کی 19 تاریخ کو یہاں پہلے مرحلے کے تحت انتخاب ہوگا۔

## GOVERNOR

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج جھارکھنڈ کے گورنر سی پی رادھا کرشنن کو تلنگانہ اور پاڈوچیری کے گورنر کی زائد ذمہ داری دی ہے۔کل وہ اپنے عہدے کا حلف لیں گے۔ واضح رہے کہ ان دونوں عہدوں سے ڈاکٹر تملی سائی سندر راجن نے استعفیٰ دے دیا ہے۔جسے صدر جمہوریہ نے قبول کرلیا ہے۔صدر جمہوریہ نے سی پی رادھا کرشنن کو تلنگانہ کے گورنر اور پاڈوچیری کے لفٹنٹ گورنر کی زائد ذمہ داری ادا کرنے کے احکامات دیئے۔راشٹراپتی بھون نے بتایا کہ باقاعدہ انتظامات ہونے تک رادھا کرشنن اضافی ذمہ داری ادا کریں گے۔کل تمیلا سائی سندر راجن نے گورنر کے عہدوں سے اپنا استعفیٰ بذریعہ پوسٹ روانہ کردیا تھا۔توقع کی جارہی ہے کہ وہ لوک سبھا انتخابات میں مقابلہ کریں گی۔اور یہ بھی قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں کہ وہ چنیائی ساوتھ سے مقابلہ کرسکتی ہیں۔

HARISH

بھارت راشٹراسمیتی کے سینئر قائد ہریش راو نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ غیر موسمی بارش کی وجہ سے نقصان اٹھانے والے کسانوں کو معاشی مدد فراہم کی جائے۔ سابق وزیر نے کہا کہ حکومت کسانوں کو فی ایکر دس ہزار روپئے کے حساب سے معاوضہ ادا کرے۔ جن کی فصلوں کو نقصان پہونچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اضلاع عادل آباد۔ کاماریڈی۔ کریم نگر۔ راجنا سرسلہ۔ میدک۔ سدی پیٹ۔ اور رنگاریڈی میں فصلوں کو تیز اور طوفانی ہواوں کی وجہ سے نقصان پہونچا ہے جس کی وجہ سے کسان سخت پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دھان۔ مکئی۔ کے علاوہ پھلوں۔ پپی۔ آم۔ کی فصل کو بھی شدید نقصان پہونچا ہے۔ بی ار ایس قائد نے کہا کہ غیر موسمی بارش کی وجہ سے ہوئے نقصان کے علاوہ بھی حکومت فوری طور پر دس ہزار روپئے فی ایکر کسانوں کو مہیا کرائے۔

CAA

سپریم کورٹ نے آج شہریت ترمیمی ایکٹ۔ سی اے اے۔ پر روک لگانے سے انکار کر دیا۔ سپریم کورٹ میں آج ملک بھر سے سی اے اے کے خلاف دائر 200 سے زیادہ درخواستوں پر سماعت شروع ہوئی۔ فی الحال سپریم کورٹ نے سی اے اے پر کسی قسم کی پابندی لگانے سے انکار کر دیا ہے۔ عدالت نے مرکزی حکومت سے سی اے اے پر تین ہفتوں کے اندر جواب طلب کیا ہے۔ سماعت کے دوران، سی جے آئی نے مرکزی حکومت سے پوچھا کہ انہیں نوٹیفکیشن پر پابندی کی درخواست کا جواب دینے کے لیے کتنا وقت درکار ہے۔ جس پر مرکز کی جانب سے پیش ہونے والے سالیسٹر جنرل نے 4 ہفتے کا وقت مانگا تھا۔ تاہم عدالت نے مرکز کو اپنا جواب داخل کرنے کے لیے تین ہفتے کا وقت دیا ہے، اب اس معاملے کی اگلی سماعت 9 اپریل کو ہوگی۔ واضح رہے کہ اس معاملے کی سنوائی چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ۔ جسٹس جے بی پاردی واڑہ۔ اور جسٹس منوج مشرا کر رہے ہیں۔ جبکہ درخواست گذاروں میں مسلم لیگ، اپوزیشن قائد و کانگریس لیڈر جئے رام رمیش۔ اور ترنمول کانگریس کی مہوا موائتر اشامل ہیں۔

H R C

نیشنل ہیومین رائٹس کمیشن نے تلنگانہ حکومت کو نوٹس جاری کی ہے جس میں مبینہ طور پر ضلع نلگنڈہ کے سرکاری اسکول میں پڑھنے والی طالبات کے لئے بیت الخلاء کی سہولیات نہ ہونے کی بات کہی گئی ہے۔ این ایچ آر سی نے کہا کہ دیورکنڈہ ضلع پریشد ہائی اسکول کی طالبات کو بیت الخلاء کی سہولیات اسکول میں نہ ہونے کی وجہ سے ضروریا سے فارغ ہونے کے لئے باہر جانا پڑ رہا ہے۔ میڈیا میں آئی اطلاعات کے بعد این ایچ آر سی نے ازخود نوٹس جاری کرتے ہوئے ریاستی چیف سکریٹری کو اس معاملے میں اندرون چار ہفتے رپورٹ داخل کرنے کو کہا ہے۔ اور فوری اقدامات کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ تا کہ اس طرح کے واقعات کا اعادہ نہ ہو سکے۔

CWC

کانگریس ورکنگ کمیٹی آج 2024 کے مجوزہ لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں پارٹی کے منشور کا جائزہ لیا گیا۔ نئی دہلی میں منعقد ہونے والی اس میٹنگ میں پارٹی صدر ملکارا جن کھرگے۔ سابقہ صدر سونیا گاندھی اور راہول گاندھی کے علاوہ سینئر قائدین بشمول پرینکا گاندھی

وڈرا۔ چدمبرم۔ ڈگ وجۓ سنگھ۔ اجے ماکن اور کے سی وینو گوپال موجود تھے۔ بعدازاں وینوگوپال نے کہا کہ پارٹی کے صدر کو مینی فیسٹو کوقطعیت دینے کا اختیار ہوگا۔ اس سے قبل اپنے سوشل میڈیا پوسٹ پر پارٹی صدر ملکا راجن کھرگے نے دعوی کیا تھا کہ پارٹی کا مینی فیسٹو عوامی بھروسہ اور تیقینات کی اہم دستاویز ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی عوام تبدیلی چاہتے ہیں۔

MAOISTS

آج صبح کی اولین ساعتوں میں مہاراشٹرا کے گڈ چیرولی ضلع کے اہیری تحصیل کے تحت کولا مارکا۔ ہیلکا س۔ علاقے میں پولیس کے ساتھ مدبھیڑ میں چار ماوسٹ بشمول منگی۔ اندرولی۔ ایریا کمیٹی کے سکریٹری ورگس بھی مارے گئے۔ پولیس کو باوثوق ذرائع سے اطلاع ملی تھی کہ ممنوعہ سی پی آئی ماوسٹ تنظیم تلنگانہ کے اراکین دریائے پرانہیتا کو عبور کرنے والے ہیں۔ اور لوک سبھا انتخابات سے قبل تخریبی سرگرمیاں انجام دی سکتی ہیں۔ پولیس ذرائع نے یہ بات بتائی۔ مقامی پولیس اور سنٹرل ریزرو پولیس فورس۔ سی آر پی ایف نے ہنگامی طور پر آپریشن انجام دیا۔ اس موقع پر پولیس ٹیم کے بھی ایک رکن کے زخمی ہونے کی خبر ہے۔

WEATHER

ریاست تلنگانہ کے اضلاع نظام آباد۔ جگتیال۔ راجنا سرسلہ۔ وقار آباد۔ سنگا ریڈی۔ اور کاماریڈی کے کئی مقامات پر تیس سے چالیس کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز اور طوفانی ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ جۓ شنکر بھولا پلی۔ ملگو۔ بھدرادری کوتہ گوڑم اور کھمم اضلاع میں پرسوں تیز بارش کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ عادل آباد۔ کمرم بھیم آصفہ آباد۔ منچر یال۔ کریم نگر۔ پدا پلی۔ اور میدک اضلاع کے چند مقامات پر کل طوفانی اور تیز ہوائیں چلیں گی۔ یہی صورتحال جۓ شنکر بھولا پلی۔ ملگو۔ بھدرادری کوتہ گوڑم۔ کھمم۔ سوریہ پیٹ۔ محبوب آباد۔ ورنگل۔ ہنمکنڈہ۔ محبوب نگر اور ناگر کرنول اضلاع میں ہوسکتی ہے۔

SCR

ساوتھ سنٹرل ریلوے نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ریلوے ٹریکس کو کراس کرنے۔ چلتی ہوئی ٹرینوں میں چڑھنے سے گریز کریں۔ اور اپنی جانوں کو جوکھم میں نہ ڈالیں۔ ایس سی آر نے جاری کردہ اپنے بیان میں عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اس طرح کے اقدامات سے گریز کریں۔ اور ریلوے کا تعاون کریں۔ ریلوے نے بتایا کہ اس طرح کے اقدامات سے نہ صرف ان کے اپنی جانوں کو خطرہ لاحق ہوتا ہے بلکہ ٹرین خدمات پر بھی اس کا اثر پڑتا ہے۔ ریلوے نے بتایا کہ حدود سے تجاویز کرتے ہوئے ریلوے پٹریوں کو کراس کرنا سیکشن 147 ریلوے ایکٹ 1989 کے تحت جرم میں شمار کیا جاتا ہے جس کے تحت چھ ماہ کی جیل۔ اور ایک ہزار روپۓ جرمانہ یا پھر دونوں ہوسکتے ہیں۔

JALAGAM

ضلع کھمم کے قائد جلگم وینکٹ راو نے کہا ہے کہ بی جے پی کی جانب سے کھمم لوک سبھا کی نشست تلگودیشم پارٹی کو دیۓ جانے کی باتیں محض افواہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ سیٹ انہیں ہی دی جائے گی۔ وہ آج حیدرآباد میں بی جے پی ہیڈکوارٹر پہونچے۔ اور پارٹی قائدین کے ساتھ کھمم پارلیمانی نشست کے بارے میں بات چیت کی۔ انہوں نے پارٹی کے ریاستی تنظیمی جنرل سکریٹری چندر شیکھر تیواری سے

ملاقات کی اور حلقہ پارلیمان کھمم کی لوک سبھا نشست انہیں دیئے جانے کا مطالبہ کیا۔ بعدازاں وینکٹ راو نے میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی قائدین سے ان کی ملاقات رسمی رہی ہے۔

FOOD

مدت کی تکمیل والے اور ملاوٹی غذائی پراڈکٹس کی غیر قانونی فروخت کا پتہ چلاتے ہوئے شہر حیدرآباد کی شمس آباد ایس او ٹی نے بالا جی انڈسٹریز پر چھاپہ مارا اور ایک شخص کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار شخص کی شناخت شیورام پلی راجندر نگر کے رہنے والے 32 سالہ راجیش اُپادھیائے کے طور پر کی گئی ہے۔ پولیس نے 230 بوتل ریڈ چلی ساوس، 128 بوتل گرین چلی ساوس، 31 بوتل سویا ساوس، 23 بوتل ونیگر، 30 لیٹر ٹماٹر پیسٹ، 4 لیٹر ملک کلر، 2 کلوگم، 2 کلوسوڈیم بیزوٹ، 4 کلو آٹا اور دیگر سامان کو ضبط کرلیا۔ ملزم نقصان دہ کیمیکلس اور مصنوعی رنگوں سے ساوس بنا رہا تھا۔ پولیس نے مجموعی طور پر 3.50 لاکھ روپے مالیت کی ملاوٹ شدہ ساوس ضبط کرلیا اور اس سلسلہ میں مقدمہ درج کر کے جانچ شروع کردی۔